اخبار الجامعہ

اساتذہ کے اعزاز میں رابعہ عالی کے طلبہ کا ظہرانہ

مورخہ ۱۴ دسمبر ۱۹۹۴ء بروز بدھ بعد از نماز ظہر جامعہ سلفیہ کی آخری کلاس کے فارغ التحصیل ہونے والے طلبہ نے اپنے اساتذہ کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔ طلبہ نے نہایت پر تکلف ظہرانے کا انتظام کر رکھا تھا۔ محبت و الفت میں ڈوبی ہوئی یہ تقریب مہمان خانہ میں منعقد ہوئی۔ یہ امر بھی دلچسپ ہے کہ امسال آخری کلاس کے طلبہ نے تقریباً پورے آٹھ سال جامعہ میں ہی تعلیم حاصل کی ہے۔ اساتذہ کی دعاؤں کیساتھ یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔

رابطہ الطلاب المالدیفیین کا سالانہ اختتامی اجلاس

مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۹۴ء کو رابطہ الطلاب المالدیفیین کا اختتامی اجلاس ہوا۔ یہ اجلاس رابطہ کے نہایت خوبصورت مرکزی دفتر میں بعد از نماز عشاء منعقد ہوا۔ اس سلسلہ میں جامعہ کے اساتذہ کو بھی دعوت دی گئی۔

اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعد میں جناب قاری روح الامین نے گذشتہ سال کی رپورٹ پیش کی۔ جس پر اظہار اطمینان کیا گیا بلکہ اسے بہت سراہا گیا۔

بعد میں گذشتہ سال کے مختلف امور میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والے طلبہ کے درمیان انعامات تقسیم کئے گئے۔ جناب شیخ محمد یونس بٹ صاحب نے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے اور مختصر خطاب فرمایا۔ اسی طرح رابطہ الطلاب کے حقیقی سرپرست جناب شیخ اسماعیل محمد مالدیفی صاحب نے اپنی زبان میں طلبہ کو پند و نصائح سے نوازا اور بعد میں اردو ترجمہ بھی کیا۔ بعد ازاں اگلے سال کیلئے نئے منتخب ہونیوالے عہدیداران کا اعلان کیا گیا جس کے مطابق مندرجہ ذیل طلبہ کو مختلف ذمہ داریاں تفویض ہوئیں۔

امیر = علی شریف	نائب امیر = ابراہیم فوزی
جنرل سیکرٹری = شہامت ماہر	سٹیج سیکرٹری = محمد رشید

خازن = عبداللہ محمد

آخر میں مالدیفی طلبہ نے اساتذہ جامعہ کے اعزاز میں نہایت پر تکلف عشائیہ دیا۔ اس طرح یہ پروقار تقریب دعائے خیر کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔